سبق - 6

عقائد

اللہ تعالیٰ نے مختلف اوقات اور مختلف زبانوں میں متعدد کتابیں نازل فرمائی ہیں، ان سب کا مرکزی پیغام ہمیشہ ایک ہی تھا کہ صرف اور صرف ایک اللہ کی عبادت کی جائے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے۔

دعا

”اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي، وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي، وَزِدْنِي عِلْمًا“۔

ترجمہ: اے اللہ! جو کچھ آپ نے مجھے سکھایا ہے اس کے ذریعہ مجھے فائدہ پہونچایئے، فائدہ دینے والی چیز مجھے سکھا کر میرے علم میں اضافہ فرمایئے۔ (ترمذی:۳۵۹۹)

حدیث

”مَنْ أَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ أَبَى“۔ (بخاری:۷۲۸۰)

ترجمہ: جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو میری نافرمانی کرے گا تو اس نے انکار کیا۔

اخلاق وآداب

قرآن ایک حیرت انگیز کتاب ہے جو کامیابی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ جب بھی آپ قرآن کی تلاوت کرنا سیکھیں تو اسے شوق و محبت سے سیکھیں۔ بھرپور توجہ سے قرآن کی تلاوت سنیں، تجوید کے ساتھ اور اچھی آواز میں قرآن کی تلاوت کریں، اچھی طرح تلاوت کرنے میں کسی اچھے قاری کی نقل کریں۔

سیرت رسول ﷺ

طائف سے لوٹنے کے بعد حج کا موسم شروع ہوگیا۔ دور دراز علاقوں سے لوگ حج کے لیے آنے لگے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے حج کے لیے آنے والے ان لوگوں سے ملاقاتیں کی اور انہیں دین اسلام کی دعوت دی۔ الحمد اللہ! لوگوں نے آپ کا پیغام قبول کرنا شروع کردیا۔

قرآن

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿1﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿2﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿3﴾ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾

نوٹ: سورۂ تکاثر کی یہ آیات یاد کروائی جائیں۔

www.understnadquran.com